# 10021 ـ شادی میں مرد کی آواز میں دف کے ساتھ اشعار پڑھنا

**سوال**

کیا عورتوں کے لیے شادی میں مردوں کی آواز اور دف سے تیار کردہ نظموں اور اشعار پر مشتمل کسیٹ سننی جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے اپنے شیخ و استاد جناب محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے اس سوال کے متعلق دریافت کیا تو انہوں درج ذیل جواب دیا:

" جائز نہیں ہے " انتہی.

شریعت مطہرہ نے شادی بیاہ کے موقع پر عورتوں کو دف بجانے کی اجازت دی ہے، نہ کہ مردوں کو، تو عورتوں کے لیے شادی کے موقع پر دف بجانا ممکن ہے، اور وہ اس میں اچھے اور مباح قسم کے کلمات پر مشتمل اشعار بھی پڑھ گا سکتی ہیں.

واللہ اعلم .